# 133289 - جھوٹ بولتے ہوئے یہ کہہ دیا کہ میں نے پہلے اپنی طرف سے حج کیا ہو اہے اور پھر تین بار کسی کی طرف سے حج کیا

**سوال**

مجھے کسی نے کہا: کیا تم نے حج کیا ہے؟ میں نے کہہ دیا : ہاں، حالانکہ میں نے حج نہیں کیا ہوا تھا، اور اس طرح میں نے تین سال تک مسلسل حج بدل کیا، مجھے حکم کا بھی پتہ تھا کہ حج بدل کرنے والے کیلئےپہلے اپنی طرف سے کرنا ضروری ہے، تو اب مجھ پر کیا لازم ہے اور میرے لئے کیا حکم ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

پہلی بات:

یہ تو واضح ہے کہ جو کچھ بھی آپ نے کیا جھوٹ اور دھوکہ دہی ہے، اس کی وجہ سے حج بدل کروانے والے کا حج مؤخر ہوگا، اس لئے واجب یہ ہے کہ اللہ تعالی سے توبہ کرو، اور جو کچھ آپ نے کیا اس پر پشیمان بھی ہوں۔

دوسری بات:

کسی کیلئے کہ جائز نہیں کہ وہ اپنی طرف سے حج کرنے سے پہلے کسی کی طرف سے حج کرے، اگر اس نے اپنا حج کرنے سے پہلےکسی کی طرف سے حج کیا تو یہ حج اُسی کی طرف سے ہوگا، اور اسے وصول کی ہوئی رقم واپس کرنی ہوگی۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتےہیں:

"جس نے کسی کی طرف سے حج کیا اور اُ س نے اپنی طرف سے حج نہیں کیا ہوا تھا ، تو وہ وصول کی ہوئی رقم واپس کریگا اور یہ حج اُس کی اپنی طرف سے ہوگا"، یعنی خلاصہ کلام یہ ہے کہ: جس نے حجۃ الاسلام پہلے نہیں کیا، وہ کسی دوسرے کی طرف سے حج بدل نہیں کر سکتا، اور اگر اس نے پھر بھی کیا تو اسکا احرام اپنے ہی حجۃ الاسلام کا ہوگا، امام شافعی ، اوزاعی، اور اسحاق اسی بات کے قائل ہیں۔

اسکی دلیل ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نےایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: "میں شبرمہ کی طرف سے حاضر ہوں" تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (یہ شبرمہ کون ہے؟) تو اس نے

